## 14010 ـ سب جہانوں کا پروردگار رب العالمین

**سوال**

سب جہانوں کا پروردگار کون ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

ايك اللہ تعالي ہي رب ، خالق ورازق ، اور سب امور ميں تصرف كرنے والا مالك وبادشاہ ہے، وہي علم والا اور خبر ركھنےوالا ہے، وہ اللہ ہي حيي اور قيوم سميع وبصير سننےوالا اورديكھنےوالا ہے، وہ باريك بان اور خبرگيري كرنےوالا، وہي بہت مہربان اوررحم كرنے كرنےوالے، وہ اللہ بردباروحليم اور بہت بخشنےوالا ہے، وہ غالب اور زبردست ہے، وہ معاف كرنےوالا اور بڑا كرم كرنےوالا ہے، وہ قوت وطاقت والا اور قدرت والا ہے، وہ ہي ابتداء سےپيدا كرنے اور صورتيں بنانےوالا ہے.

ـ آسمان وزمين ميں اسي كي بادشاہي ہے، اس كےہاتھ ميں خيروبھلائي ہے اور وہ ہر چيزپر قادر ہے.

ـ اس كےعلاوہ كوئي اور معبود برحق نہيں، اس كےاچھےاچھے نام اور بلند صفات ہيں فرمان باري تعالي ہے:

وہي اللہ ہےجس كےعلاوہ كوئي معبود برحق نہيں جو عبادت كےلائق ہو اس كے اچھے اچھے نام ہيں طہ ( 8 ) .

وہ جو چاہتا ہے كرتا ہے اور جس كا چاہےحكم كرتا ہے فرمان باري تعالي ہے:

اورآپ كا رب جوچاہتا ہے پيدا كرتا اورجسےچاہتا ہے چن ليتا ہے القصص ( 68 ) .

وہ مالك الملك اور تمام جہانوں كا مالك ہے، جسےچاہتا عزت ديتا اور جسے چاہتا ذليل كرتا ہے .. فرمان باري تعالي ہے:

آپ كہہ ديجئے اے اللہ ! اےتمام جہان كےمالك ! تو جسےچاہے بادشاہي دے اورجس سےچاہےسلطنت چھين لے اور تو جسےچاہے عزت جے اور جسے چاہے ذلت دے، تيرے ہي ہاتھ ميں سب بھلائياں ہيں، بےشك تو ہر چيز پرقادر ہے آل عمران ( 26 ) .

وہي زندہ كرنے اور مارنےوالا ہے، آسمان وزمين ميں كوئي بھي چيزاس مخفي نہيں... فرمان باري تعالي ہے:

اللہ تعالي ہي زندہ کرتا اور وہي مارتا ہے، اورجوکچھ تم عمل کررہے ہو اسےدیکھ رہا ہے آل عمران ( 156 ) .

وہي اکیلا حاکم اور خالق ہے... ارشاد باري تعالي ہے:

یاد رکھو اللہ ہي کےلئے خاص ہے خالق ہونا اورحاکم ہونا، بڑي خوبیوں والا ہے اللہ جو تمام عالم کا پروردگار ہے الاعراف ( 54 ) .

وہي اول ہے اس سےقبل کوئي چیز نہیں.. اور وہي آخر ہے اس کےبعد کوئي چیز نہیں، وہي ظاہر ہے اس کےاوپر کوئي چیز نہیں، وہي باطن ہے اس کےپرے کوئي چیز نہیں ... ارشاد باري تعالي ہے:

وہي اول ہے اور وہي آخر ہے، وہي ظاہر ہے اوروہي باطن، اوروہي ہر چیز سے باخبر ہے الحدید ( 3 )

وہ ہرچیز کا خالق اور ہر چیز کوجاننےوالاہے... ارشاد رباني ہے:

یہ اللہ تعالي تمہارا رب ہے! اس کےعلاوہ کوئي عبادت کےلائق نہیں، وہ ہر چیز کو پیدا کرنےوالا ہے لھذا تم بھي اسي ہي کي عبادت کرو، اور وہ ہرچیز کا کارساز ہے الانعام ( 102 ) .

وہ باریك بین، عظیم الشان اور ہر چیز کا احاطہ کرنےوالا ہے... فرمان باري تعالي ہے:

اور اللہ تعالي ہر چیز کو گھیرنےوالا ہے النساء ( 126 ) .

وہ حي وقیوم زندہ اور سب کوتھامنےوالاہے.... آسمان وزمین میں جوکچھ ہے وہ اسي کي ملکیت ہے... اس پر کوئي چیز مخفي نہیں... اور نہ ہي کوئي چیز اسےعاجز کرسکتي ہے... اور نہ ہي کوئي چیز اس کا احاطہ کرسکتي ہے، فرمان رباني ہے:

اللہ تعالي ہي معبود برحق ہے جس کےسوا کومعبود نہیں، جو زندہ اور سب کو تھامنےوالا ہے، جسےنہ تو اونگھ آئےاور نہ ہي نیند، اس کي ملکیت میں زمین وآسمان کي تمام چیزیں ہیں، کون ہے جو اس کي اجازت کےبغیر اس کے سامنے شفارش کرسکے، وہ جانتا ہےجوان کےسامنےہے اور جوان کےپیچھے ہے، اور وہ اس کےعلم میں سےکسي چیز کا بھي احاطہ نہیں کرسکتےمگرجتنا وہ چاہے، اس کي کرسي کي وسعت نےزمین وآسمان کو گھیر رکھا ہے، اور اللہ تعالي ان کي حفاظت سےنہ تھکتا اور نہ اکتاتا ہے، وہ تو بہت بلند اوربہت بڑا ہے البقرۃ ( 255 ) .

اس نےہرچیز کوجانا اوراسےشمار کررکھا ہے.. فرمان باري تعالي ہے:

اور ہم نے ہر چیز کوایك واضح کتاب میں ضبط کررکھا ہے یس ( 12 ) .

وہ بڑي سخاوت اور کرم والا ہے، ساري روزي ورزق اسي کي جانب سے ہے... فرمان رباني ہے:

اور زمين پر چلنےپھرنےوالےجتنےبھي جاندار ہيں ان کي روزياں اللہ تعالي پر ہيں هود ( 6 ).

اس کي نعمتيں گني اورشمار نہيں کي جاسکتيں ... فرمان باري تعالي ہے:

اوراس نےتمہيں وہ سب کچھ عطا کيا ہے جوتم نےاس سےمانگا، اوراگر اللہ تعالي کي نعمتيں شمار کرو توانہيں شمار نہيں کرسکتے ابراہيم ( 34 ) .

اس کےخزانوں سےآسمان وزمين بھرے ہوئےہيں... رب ذوالجلال کا فرمان ہے:

آسمان وزمين کےخزانےاللہ ہي کےلئےہيں المنافقون ( 7 ).

وہ بےنياز اورخوبيوں والا ہے، اپنےبندوں کو عطا کرتا ہےليکن اس کےخزانوں ميں کوئي کمي نہيں ہوتي .... ارشاد باري تعالي ہے:

اےلوگوں تم اللہ تعالي ہي کےمحتاج ہو اور اللہ تعالي بےنياز اور خوبيوں والا ہے فاطر ( 15 ) .

وہ معاف کرنےوالا اورگناہوں کوبخشنےوالا ہے، اپنےبندوں پر رحم کرتا اور ان کي برائيوں سے درگزر کرتا ہے... رب ذوالجلال نےفرمايا:

يقينا اللہ تعالي معاف کرنےوالا اوربخشنےوالا ہے الحج ( 60 ).

وہ عالم غيب اور ظاہر کي باتوں کا جاننےوالا ہے، اپنےبادشاہي ميں غالب اور تدبير ميں بہت حکمت والا ہے... فرمان باري تعالي ہے:

وہ پوشيدہ اورظاہرکا جاننےوالا ہے، زبردست حکمت والا ہےالتغابن ( 18 ) .

وہ پوشيدہ اورظاہري احوال اورجومخفي ہے اسے بھي جانتا ہے .. فرمان باري تعالي ہے:

اور وہي ہے معبود برحق آسمانوں ميں بھي اور زمين ميں بھي، وہ تمہارے پوشيدہ احوال کوبھي اورتمہارے ظاہر کوبھي جانتا ہے، اور تم جو کچھ عمل کرتے ہو اس کوبھي جانتا ہے الانعام ( 3 ) .

وہ باريك بين اورخبردار ہے... فرمان باري تعالي ہے:

مخلوق کي نگاہيں اس کا ادراك نہيں کرسکتيں، اور وہ ان کي نگاہوں کا پورا ادراك کرتا ہے اور وہي بڑا باريك بين اور

باخبر ہے الانعام ( 103 ) .

وہ اپني ذات ميں واحد ہے اور صفات ميں بھي اور اپنے افعال ميں بھي واحد ہے... فرمان باري تعالي ہے:

کہہ ديجئے کہ وہ اللہ ايك ہي ہے، اللہ تعالي بےنياز ہے، نہ اس سےکوئي پيدا ہوا اور نہ وہ کسي سے پيدا ہو، اور نہ ہي اس کا کوئي ہمسر ہے الاخلاص ( 1-4 ) .

وہ اللہ پاك ہے اس کےاچھے اچھے نام اور وہ بلند صفات کا مالك ہے اس کا کوئي شريك نہيں... ارشاد باري تعالي ہے:

يہي اللہ تعالي تمہارا رب ہے، اسي کےلئے بادشاہت ہے، اس کےسوا کوئي عبادت کےلائق نہيں، پھرتم کہاں بہك رہےہو الزمر ( 6 ).

جس کي يہ بادشاہي .. اور جس کي يہ صفات ہيں... اور جس کي يہ مخلوق .. اور جس کي يہ نعمتيں ہيں وہي حمد وتعريف اور شکرکا مستحق ہے اورخالصتا اسي کي عبادت ہوني چاہئےکسي اورکي نہيں.. فرمان باري تعالي ہے:

يقينا تمہارا رب وہ ہےجس نے آسمان وزمين کو چھ دنوں ميں پيدا فرمايا پھر عرش پر مستوی ہوا، وہ ہرکام کي تدبير کرتا ہے، اس کي اجازت کےبغير کوئي اس کےپاس کوئي سفارش کرنےوالا نہيں، يہي اللہ تمہارا رب ہےلهذا تم اسي کي عبادت کرو، کيا تم پھر بھي نصيحت نہيں پکڑتے يونس ( 3 ) .

اس نےپيدا کيا اوربالکل صحيح سالم بنايا، اور جس نےٹھيك ٹھاك اندازہ کيا اورپھر راہ دکھائي، اور روزي دي اورغني کرديا.. اللہ تبارك وتعالی کا ارشاہے:

وہ اللہ ہي ہے جس نے تمہارے لئے زمين کو ٹھرنے کي جگہ اور آسمان کو چھت بناديا، اور تمہاري صورتيں بنائيں اور بہت اچھي بنائيں، اور تمہيں عمدہ عمدہ چيزيں کھانےکو عطا فرمائيں يہي اللہ تمہارا پروردگارہے، پس بہت ہي برکتوں والا اللہ سارے جہان کي پرورش کرنےوالا غافر ( 64 ) .

اےاللہ عظيم بادشاہي پر تيري حمد وثنا ہے... رب ذوالجلال کا فرمان ہے:

تمام تعريفيں اس اللہ کےلئےہيں جس کي ملکيت ميں وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں اور زمين ميں ہے سبا ( 1 ) .

اے اللہ تيرا شکر ہے کہ تونےہميں دين اسلام کي ہدايت نصيب فرمائي اور ہم پر قرآن مجيد نازل فرمايا... اور اچھي اور پاکيزہ اشياء سےروزي عطا فرمائي... اور ہميں سب امتوں سےاچھي اوربہتر امت بنايا... اوربہت ساري نعمتوں

سےنواز کرہمیں عزت بخشي ... تیرے علاوہ کوئي بھي عبادت کےلائق نہیں ... اور حکم بھي تیرے لیے اور پیدا کرنا بھي تیرے لئے ... سارے کا سارا فضل تیرا ہے... اور ساري تعریفیں اورشکر تیرے لئے ہیں.. فرمان باري تعالي ہے:

سب تعریفیں اس اللہ کےلئےہیں جو سب جہانوں کا پالنےوالا ہے، بہت رحم کرنےوالا بڑا مہربان ہے، یوم جزا کا مالك ہے، اے اللہ ہم صرف تیري عبادت کرتےہیں اور تجھ ہي سے مدد مانگتےہیں الفاتحة ( 2-5 ) .